Mr. Abdul Aleem Khan: (a) Sukkur-Multan Motorway (M-5) has been constructed by M/s China State Construction Engineering Corporation Limited (CSCEC). The motorway was completed in November 2019. The total expenditure incurred is Rs. 293.752 Billion.

- The Motorway M-5 has been constructed on EPC Mode wherein the Contractor was responsible to design and construct the Motorway as per contractual stipulations, fit for the purpose.
- According to the Employer's requirement, the EPC Contractor provided the drainage system to drain out the surface water resulting from rainfall on Motorway.
- For this purpose, 2% transverse slope towards outer shoulder has been provided at normal sections and drainage chutes have been provided at outer shoulders to drain out rain water from Motorway.
- However, at super elevation areas where the transverse slope has to be provided towards inner shoulder, the rain water accumulates

along the new jersey barrier on the inner shoulder. In order to drain this water, an RCC Drain with perforated covers has been provided to collect the surface water for further disposal through pipes provided across the carriageway. Such drains have been found effective during heavy rainfall throughout the period after completion of motorway in November 2019.

Senator Mohsin Aziz: Question No.10.

Mr. Chairman: Taken as read.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میرا اس پہ سوال یہ ہے کہ یہ اس زمانے میں یعنی 2016 یا 17 میں یہ 293 billion کا پراجیکٹ ہے جو کہ آج کے لحاظ سے کم از کم آپ سمجھ لیں تو 600 trillion کا پراجیکٹ ہوا۔ اس میں خاص بات یہ ہے کہ اس کی جو drainage ہے اس کی دونوں sides پر موٹروے کھلا رکھا گیا ہے، یعنی اس کے اوپر ایک gritting لگا دی گئی ہے اور gritting تو آپ کو پتا ہے کہ جس ملک میں مینڈیٹ چوری ہو جائے وہاں پر gritting چوری کرنا کون سا مشکل کام ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: دیکھیں محسن عزیز صاحب آپ relevant رہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں عرض کر رہا ہوں میں relevant ہوں، وہاں پر میں contractor کی بات کر رہا ہوں کہ ہمارے ملک کو دیکھتے ہوئے، جس طریقے سے ہم لوگ یہاں کرتے ہیں، اپنے آپ کو کیا برا کہوں۔ وہاں سے ساری کی ساری gritting نکل گئی ہے۔ سب سے پہلے تو اسے design کیسے کیا گیا ہے۔۔۔

Mr. Chairman: What is your question now?

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میرا سوال بہت اہم ہے، جس میں لوگوں کی جانوں کا زیاں ہو رہا ہے۔ کہ یہ جو culverts اور جو gritting ہے وہ ساری نکل گئی ہیں۔ ایک تو یہ design کیسے کیا گیا، کیوں کر کیا گیا اور اس میں جو اموات ہوئی ہیں لوگوں کے جو ایکسیڈنٹ ہوئے ان کا کون ذمہ دار ہیں اور میرا

تیسرا سوال یہ ہے کہ جو لوگ وہاں موجود ہوتے ہیں وہ کیسے اور کس وقت میل آمیل کی gritting چوری کرکے چلے جاتے ہیں۔ یہ میرے تین سوال ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! یہ واقعی بہت بڑا المیہ ہے اور یہ ہمارے جو معاشرتی پہلو ہیں ان کی طرف بھی اشارہ دیتی ہے۔ جناب! گورنمنٹ ظاہر ہے اس کی ڈیوٹی ہے کہ وہ property کا تحفظ کرے اور ہر وقت vigilant رہے لیکن دنیا کے کسی ملک میں یہ ممکن نہیں ہے کہ آپ سینکڑوں کلومیٹر زپر محیط motorways کے ایک ایک کلومیٹر پر آپ بندہ کھڑا کریں اور وہ حفاظت کرے۔ بد قسمتی سے جو ملتان سکھر سیکشن ہے، وہاں جہاں پانی کے بہاؤ کے لیے drainage دینا ضروری تھی motorways میں وہ دی گئی اور وہ international standards کے عین مطابق ہے۔اس کے اوپر جو coverings تھی، میں آپ کو تصویریں پیش کرتا ہوں۔ یہ ساری تصاویر کے ساتھ انہوں نے جواب دیا ہے اور یہ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اس کے اوپر concrete slabs ہیں جس کے اندر لوہے کی باریک بارز ہیں تو وہاں سے ان کو چرانا شروع کیا گیا۔ جو لوگ سفر کرتے ہیں اگر کوئی بندہ ایسے علاقے میں ہے جہاں پر وہ کسی کی سائٹ یا نظر میں نہیں ہے، گاڑی کھڑی کرلے تو وہ چھ یا آٹھ slabs گاڑی میں رکھ لے تو، naturally اس کے بعد trace کرنے کوشش کی جاتی ہے۔ یہ واقعات ہوئے ہیں، ظاہر ہے اب نیا زمانہ ہے آپ کو چور سے زیادہ smart ہونا پڑتا ہے، government should always be smarter than the thieves تو اس کے back ground میں اسی لیے عرض کر رہا ہوں کہ اس کو چیلنج کیا گیا ہے، اب سننے کا بھی حوصلہ رکھیں۔ آپ اگر اس کو مضحکہ خیزی میں ڈالنا چاہتے ہیں تو آپ ڈالیں لیکن اب سرکار نے ان slabs کا size چینج کیا ہے، آپ اگر سن لیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔۔۔

Mr. Chairman: Please order in the house .

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ آتے ہی پارٹی کے لیے ہیں، آپ کوئی سنجیدہ بات، خود ہی سوال کرتے ہیں اور پھر خود ہی جواب، سننے کی بھی تھوڑی سی ہمت رکھیں، تھوڑی decency رہنے دیں۔ کوئی design fault نہیں ہے۔ اب یہ design fault کہاں پر آیا کہ دنیا بھر میں اگر۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please no interruption and no cross talk.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میرے لیے آپ بڑے محترم ہیں محسن صاحب مجھے موقع دیں میں explain کر رہا ہوں دونوں motorways کے ایک side پر نکالا گیا تھا۔ جناب! مجھے یہ بتایا ہے کہ یہ علاقہ زیادہ ہے تقریباً سارا ملا کر کوئی 27 کلومیٹر کے قریب ہے، جہاں پر وقفے وقفے سے drainage دینا پڑی کیونکہ یہ پانی کے نکاس کے لیے سب سے زیادہ appropriate design تھا، وہ جب اٹھائی گئی ہیں تو فوراً ری ایکشن بھی کیا گیا اور اس کو تبدیل کیا گیا۔ جناب! جو زیادہ بھاری ہیں وہ lifter کے ساتھ لگتی ہیں اور اٹھتی ہیں۔ یہ ایک چھوٹی سی بات ہے جو میں کہنا چاہ رہا تھا کہ یہ کون سے ممالک میں ہوتا ہے جہاں پر concrete slabs بھی اٹھا کے لے جاتے ہیں۔ نہ اس حکومت کا قصور ہے نہ اس اپوزیشن کا قصور ہے، یہ رویوں کا قصور ہے، آپ یہ بات سنیں اور اس حقیقت کو مانیں۔ حکومت پانچ پانچ سو میٹر کے اوپر surveillance centre نہیں بنا سکتی اور یہ ابھی میرے خیال میں خود اس بات کا ادراک ہونا چاہیے اور پوری قوم کو اس جہاد میں شامل ہونا ہے جو سفر کرتے ہیں وہ لوگ بھی report کریں اگر کوئی ایسا کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے replace کرنا شروع کر دیا ہے، وہ کہتے ہیں ہمارے 90% کام کے orders جو ہیں وہ ٹھیک ہیں۔ Meanwhile جہاں سے motorway open تھا، وہاں پر ان کا ایک permanent feature جو orange bars کا ہے وہ وہاں پر نصب کر دیا گیا ہے، جو دور سے reflect کرتی ہیں تاکہ کوئی حادثہ نہ ہو۔ تو اس issue کو محکمہ address کر چکا ہے، جو اس کا remaining part ہے وہ address ہو رہا ہے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: دوست صاحب کو دیں, ٹھیک ہے, your suggestion is noted.

سینیٹر دوست محمد خان: بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین، میرے دوست مجھ سے ناراض ہوں گے لیکن میں نے حق کی بات کرنی ہے، last year میں کراچی سے آ رہا تھا، میں نے NHA کا FW کا motorway بھی دیکھا۔ میں نے جب سکھر سے ملتان تک سفر کیا جناب! قسم خدا کی میں نے ایسا خوبصورت motorway نہیں دیکھا، اتنا ہموار، اتنا زبردست میری حکومت

سے یہ گزارش ہو گی کہ خدا کے واسطے اسی company کو باقی motorwaysکاکام دے دیں ،شکریہ۔

[1]Mr. Chairman: The question hour is over, the remaining questions and their printed replies place on the table of House shall be taken as read. Please.

Leave of absencesپہلے ہوتی ہیں۔

<u>Leave of Absences</u>

Mr. Chairman: Senator Samina Mumtaz Zehri, has requested for the grant of leave from 5th to 9th August 2024 due to personal engagements, is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Faisal Saleem Rehman has requested for the grant of leave for the whole 341st Session, 2024 due to official visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Khalil Tahir has requested for the grant of leave from 8th August to 15th August 2024 due to official visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Yes, please.

سینیٹر محمد طلال بدر: ایک بل ہے جو میں move کرنا چاہ رہا ہوں اور بڑا ضروری ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! یہ نہیں سن رہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس کے بعد میں آپ کو وقت دے رہا ہوں۔ جی سینیٹر محمد طلال بدر۔

[1] *[The questions hour is over, the remaining questions and their printed replies are placed on the table of the House shall be treated as read.]*

<u>Motion under Rule 263 moved by Senator Muhammad Tallal Badar for dispensation of Rules</u>

Senator Muhammad Tallal Badar: Sir, I wish to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of the Rule 25, 30 and 120 of the said Rules, be dispensed with in order to consider a Private Member’s Bill transmitted by the National Assembly through supplementary Orders of the Day on a day other than the Private Members’ Day, notice of which has been received today.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of the Rule 25, 30 and 120 of the said Rules, be dispensed with in order to consider a Private Member’s Bill transmitted by the National Assembly through supplementary Orders of the Day on a day other than the Private Members’ Day, notice of which has been received today.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried.

(Interruption)

Mr. Chairman: Leader of the Opposition you can speak for one minute.

(Interruption)

Mr. Chairman: Order in the House. Let me hear to Leader of the Opposition. Yes, Leader of the Opposition.

Senator Syed Shibli Faraz

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) جناب چیئرمین!

Before I start my comments, I would like to quote the

latest magazine of The Economist, which discussed in the opening یہ ان کے backdrop of elections in the Venezuela. comments ہیں۔

There comes a moment in a country's descent into dictatorship when a heavily armed regime tries to force millions of people to accept that black is white, bad is good and losers are the winners.

اس کی actual manifestation, Finance Minister *Sahib*! have patience you are new to the House.

Mr. Chairman: Address to the Chair.

(Interruption)

سینیٹر سید شبلی فراز: دیکھیں مجھے بولنے دیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please don't disturb. Yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز: کسی بھی ملک میں جہاں پر democracy ہوتی ہے وہ democracy کیا ہوتی ہے؟ اس ملک کے عوام ایک پرچی کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرتے ہیں اور وہی عوام کی منشا ہوتی ہے جس کو انہوں نے elect کیا وہ elect ہو جاتا ہے لیکن یہاں پر ہمارے ہاں یہ جو ذمہ داری ہے جو آئین نے دی ہے وہ Election Commission of Pakistan ہے جو کہ ابھی Selection Commission of Pakistan کے نام سے جانا جاتا ہے، ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ free and fair elections conduct کروائیں۔ اس elections میں جو کہ۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کے expertise اور ہیں وہ میں آپ کو بعد میں بتاؤں گا۔ یہ Election Commission of Pakistan جس کی آئینی ذمہ داری ہے کہ وہ 90 days میں election کروائیں جب کہ اسمبلیاں وقت سے پہلے توڑ دی جائیں۔

Constitution کو bypass کیا گیا اور 90 days میں election, Election Commission of Pakistan نہیں کروا سکا۔ انہوں نے کبھی بہانا کسی چیز کا بنایا تو کبھی کسی اور چیز کا بنایا۔ کبھی پیسے نہیں ہیں، کبھی security نہیں ہے، کبھی ہم نے کچے کے ڈاکوؤں پر operation کرنا ہے وہ لوگ اس میں مصروف ہیں تو اس لیے ہم الیکشن نہیں کروا سکتے لیکن آئین کو توڑا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد جو ROs and judiciary کا مسئلہ تھا، جس میں ROs کو، جو ہماری demand تھی جو general بھی تھا کہ judiciary کے لوگ elections کروائیں، اس کی جگہ انہوں نے اپنے ROs, civil servants کو لگا دیا۔ اس کے بعد کیا ہوا؟ پاکستان تحریک انصاف نے جو intra-party election کروایا اس کو Election Commission of Pakistan نے reject کر دیا۔ اس کے بعد انہوں نے ہمارا symbol چھین لیا۔ اس کے بعد Supreme Court گئے، Supreme Court میں ابھی فیصلہ آیا نہیں تھا، ایک دن پہلے اپنے documents جمع کرنے کے لیے candidates گئے تھے، ان کو 13th January کی شام کے وقت، رات کے وقت Supreme Court کے فیصلے سے پہلے circular جاری کر دیا گیا کہ کسی اور پارٹی کے نام پر ان کے documents نہ لیے جائیں۔ یہ جو کہتے ہیں reserved seats پر یہ ہو گیا وہ ہو گیا، بنیادی طور پر میں آپ کو بڑا quick run down دے رہا ہوں and I am very quickly and I am not going to speak more than ten minutes.

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر سید شبلی فراز: انہوں نے کیا کیا؟ جب انہوں نے ہم سے انتخابات لے لیے اور ہمیں ridiculous قسم کے انتخابی نشانات دیے گئے، ان میں ایک جوتا تھا وہ بھی انہیں کے سر پڑا، چمٹا تھا اسی سے ان کے کان کھینچے گئے اور عوام نے ایسے طریقے سے باوجود اس کے کہ الیکشن والے دن internet and telephone کو suspend کیا گیا۔ میری ایک family tree ہے جس میں، میں voter ہوں اور میرا ووٹ ایک جگہ ہے تو میری بیوی کا ووٹ کسی اور جگہ پر پھینک دیا اور ہر طرح gerrymandering کی گئی۔ ایک Election Commission of

Pakistan جس کا کام free and fair election کرانا ہے وہ اس activity میں
مصروف تھا لیکن سلام ہے پاکستان کی عوام کو جنہوں نے باوجود تمام تکالیف کے اپنا حق رائے دہی
استعمال کیا اور پاکستان تحریک انصاف کے backed candidates کو elect کیا۔ اس کے بعد
جب الیکشن کے results media میں announce ہو رہے تھے اور اس میں PTI سے
حمایت یافتہ candidates بڑی lead سے جیت رہے تھے، suddenly suspend کر
دیا گیا اور وہ جو انہوں نے کہا تھا ہم آٹھ گھنٹوں میں الیکشن کے results دیں گے، results آنے
میں پانچ دن لگ گئے۔ اس کے بعد جو ہوا وہ ساری قوم کو پتا ہے، اس کا ذکر نہیں کرتے کہ ہم کس
طرح سے candidates کے کاغذات چھینے گئے، کتنا obstruct کیا گیا۔ اس کے بعد جب دیکھا
یہ تو پاکستان تحریک انصاف two third majority لے گئی ہے تو form 45 and
47 آیا۔ نتائج 47 کے تبدیل کیے گئے یہ بھی آپ نے کر دیا اس کے بعد کسی بھی candidate
کے پاس کیا remedy رہ جاتی ہے؟ آپ خود الیکشن لڑ چکے ہیں، ماشاء اللہ کتنے ہی elections
آپ نے جیتے بھی ہیں۔ اگر کوئی dispute ہوتا ہے تو اس کے لیے Constitution میں ایک
mechanism available ہے اور وہ mechanism ہے کہ آپ Election
Tribunal جاتے ہیں اور وہاں پر اپنی درخواستیں جمع کراتے ہیں۔ جب وہ ہوا تو پھر یہ ایک جس کو
میں legislative seesaw کہتا ہوں، وہ شروع ہوا کہ جس میں 2017 کا Election
Act تھا، جس کا میں بھی ممبر تھا۔ اس میں یہ طے ہوا تھا کہ Election Tribunal
comprised of a penal of retired and serving judges, both.
Then comes 5th August 2023. PDM government اسی law میں
ایک change لے کر آتی ہے کہ Election Tribunal comprised of
serving judges of the High Court only اور ساتھ میں the
Commission shall appoint a sitting judge as election
tribunal in consultation with the Chief justice of the High
Courts concerned. Then comes 2024. جب یہ دیکھا کہ یہ Election
Tribunal جو کہ Lahore High Court نے بنا بھی دیئے تھے، ان کو پسند نہیں آئے کہ یہ
تو انصاف کرنے والے judges ہیں تو اس کا راستہ کیسے روکا جائے۔

ایک دفعہ پھر یہ پارلیمان use ہوتی ہے۔ یہی Upper House اور Lower House استعمال ہوتا ہے to facilitate. دیکھیں آپ کو ایک جھوٹ بولنے کے لیے سو جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔ ایک چوری کو چھپانے کے لیے آپ کو سو طریقے استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ اب 2024 میں آپ پھر اس میں change لے کر آئے۔ Election Tribunal comprised of a penal of retired and serving judges, both اور ساتھ ساتھ اس میں ایک اور addition ہوئی کہ in case of appointment of sitting judge in the Election Tribunal, the Commission shall, in کی جگہ shall ہوگیا، consult with the Chief Justice of the High Court concerned.

اب جناب دیکھیں کہ یہ چیز بنیادی طور پر کیا show کرتی ہے۔ یہ show کرتی ہے کہ ہر وہ طریقہ استعمال کیا جا رہا ہے جس سے کہ جو عوام نے فیصلہ کیا ہے، اس کو کس طریقے سے manipulate کیا جائے اور کس طرح سے وہ candidates جو Form-47 کے ذریعے آئے ہیں، جو اس Bill کی مدعا میں آج کل بڑی press conferences کر رہے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو بری طرح ہارے ہوئے تھے اور آج وہ پارلیمان میں بیٹھے ہیں۔

جناب! اس سے کیا ہوتا ہے۔ اس سے یہ ہوتا ہے کہ جب عوام ان لوگوں کو elect کرتی ہے جو کہ انہوں نے بھیجا ہوتا ہے اور ان کی جگہ جب دوسرے آ جاتے ہیں تو ان کے لیے نہ تو عوام کی backing ہوتی ہے اور نہ وہ عوام کا خیال رکھتے ہیں۔ وہ چونکہ compromised ہوتے ہیں تو ظاہر ہے کہ وہ سر بھی نہیں اٹھا سکتے۔ وہ اس لیے کہ ان کے Form-45 پڑے ہوئے ہیں اور ان کو پتا ہے کہ ان کی کیا حیثیت ہے۔ تو نتیجتاً وہ change کر دیا جاتا ہے۔ پھر اب جو Supreme Court نے ایک فیصلے دیا، آج کے بل کی طرف آتے ہیں جو کہ بڑے اُسی چوری کی طرح اس House کی proceedings میں داخل کیا گیا، جس طرح کا یہ Bill ہے۔ یہی reflect کرتا ہے کہ جب آپ ٹھیک کام کرو گے تو آپ چھپ کر نہیں کرو گے، آپ گھومتے گھماتے، نیچے ہوتے ہوئے نہیں آئیں گے، آپ direct آئیں گے لیکن چونکہ آپ کو پتا ہے کہ یہ Bill بدنیتی پر مبنی ہے۔ آپ نے کیا کیا کہ Supreme Court نے ایک فیصلہ دیا جس میں majority Judges نے یہ فیصلہ دیا کہ پاکستان تحریک انصاف ایک political party ہے، تھی اور ان شاء اللہ رہے گی اور

ساتھ میں یہ بھی کہا کہ Election Commission of Pakistan نے اس Supreme Court کے decision کو misinterpret کیا ہے اور پاکستان تحریک انصاف کو نقصان پہنچایا ہے۔

اب اس سے بڑی indictment کیا ہو سکتی ہے کہ جب آپ کے ملک کی سب سے بڑی عدالت ایک فیصلہ دے رہی ہے کہ جس میں reserve seats اور مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ یہاں بڑے بڑے نام بیٹھے ہیں، وہ جا کر بھیک مانگ رہے ہیں اور Election Commission of Pakistan اور Supreme Court میں petitions داخل کر رہے ہیں کہ یہ reserve seats ہمیں دی جائیں۔ یار! کوئی morality ہوتی ہے، کوئی spirit ہوتی ہے، کوئی decency ہوتی ہے، کوئی principles ہوتے ہیں، آپ وہاں بھیک مانگنے چلے گئے۔ پاکستان کے عوام نے جو mandate پاکستان تحریک انصاف اور عمران خان کو دیا تھا، وہ آپ نے چوری کر لیا اور کوئی شرم بھی نہیں ہے۔ آپ کیسے اس چیز کے لیے جا سکتے ہیں جو آپ نے کمائی ہی نہیں ہے۔ آپ کیسے دوسرے کی وراثت میں چلے گئے ہیں۔

یہ جو خیراتی سیٹیں ہیں، یہ خیراتی سیٹیں، میں آپ کو بتاتا ہوں، چیئرمین صاحب! I am about to finish by the way یہ جو Bill آیا ہے

this is basically a direct attack on Supreme Court of Pakistan. This is against the spirit of democracy, this is a blatant, direct and shameful attack on the majority of Judges who have given a different majority

انہوں نے فیصلہ دیا اور آپ minority judges کے فیصلے کو implement کرنے جا رہے ہیں اور ان کے فیصلے پر آپ اپنی یہ legislation base کر رہے ہیں۔

Law Minister صاحب! آپ قانون کے رکھوالے ہیں۔ اس ملک میں آپ نے rule of law کو promote کرنا ہے۔ آپ نے پاکستان کے عوام کی خدمت کرنی ہے۔ آپ ایک ایسے سلسلے میں لگ گئے ہیں جس سے، دیکھیں history بڑی ظالم ہوتی ہے، وہ چیزوں کو بھولتی نہیں ہے اور نہ لوگوں کو بھولتی ہے۔ آج ہم جسٹس منیر کو کس نام سے یاد کرتے ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ یہ ذہن میں رکھیں گے کہ آپ ایک ایسی legislation اور ایک ایسا کام کر رہے ہیں جو

کہ اس ملک کی تاریخ میں سب کے لیے شرمندگی کا باعث بنے گی کہ ایک وقت ایسا بھی تھا کہ جب Supreme Court کے گیارہ معزز majority judges ایک طرف تھے اور آپ minority judges کا فیصلہ implement کر رہے ہیں، آپ اس میں ایک amendment کر رہے ہیں۔ یہ تو بڑے افسوس کی بات ہے۔ Basically بات یہی ہے کہ آپ صاف کہہ دیں کہ ہم PTI کے mandate کو نہیں مانتے ہیں اور چاہے قانون ہو یا آئین ہو، ہم کسی چیز کو نہیں مانتے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ جو seats ہمیں دی گئی ہیں، proportional representation کی definition بھی ذرا پڑھ لیں جو ہمارے وکیل دوست یہاں موجود ہیں۔ اس proportional representation کا مطلب کیا ہے اور آیا ایسا ہو سکتا ہے کہ جس کی ایک seat ہو اس کو تین reserve seats مل جائیں۔ جناب! یہ تو بڑے شرم کی بات ہے کہ ہم ایسے قانون بنا رہے ہیں۔

Lastly, میرے کچھ دوست 2018 کی بات کرتے ہیں۔ بالکل 2018 کی بات کر لیتے ہیں۔ جناب! میں آپ کو 2018 کے election results کا جس میں کہ RTS بٹھا دیا گیا تھا جس سے پاکستان تحریک انصاف کو ان کے votes اور seats سے محروم کیا گیا کہ ان کو simple majority نہ مل سکے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: ایک سیکنڈ، آرام سے، let the figures speak. 2018 میں

total number of petitions filled were 299 in the Election Tribunals of which PTI has the highest number of petitions filed in National Assembly were 23 and in Provincial Assembly, they were 53 and a total of 76.

اس کے بعد PML(N) جو کہتی ہے کہ 2018 تک چلیں تو بھی چلتے ہیں۔ آپ نے National Assembly کے حوالے سے جو petitions files کیں وہ صرف 15 تھیں اور پنجاب اسمبلی کے لئے 28 تھیں۔ PPP جو کہ ایک regional party ہے، اس نے 09 National Assembly میں اور 20 Provincial Assembly کی petitions ڈالیں۔ باقی

نے 151 in all the constituencies independent candidates کیں۔

اب 2024 پر آتے ہیں۔ This is almost the end. Total number of petitions filed, Election commission of Pakistan اس کا source ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے جو National Assembly میں file کیں وہ 31 تھیں اور Provincial میں 48 تھیں، پنجاب میں۔ جمعیت علماء اسلام نے National Assembly 04 میں اور 19 صوبائی میں کیں۔ PPPایک National Assembly constituency کی ، 15 constituencies Provincial میں کیں۔ یہ ساری petitions showکرتی ہیں، اگر آپ 2018 پر شور کرتے ہیں تو ہماری petitions زیادہ تھیں۔ آپ کہاں پر سوئے ہوئے تھے؟ آپ کو پتا ہے کہ آپ بری طرح ہار گئے ہیں اور آپ نے 2018 میں بھی ہمارے mandateپر ڈاکا ڈالا اور آپ نے 2024 میں اس سے بھی زیادہ ڈاکا ڈالا۔ جناب! ہم اس bill کی شدید مخالفت کرتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ قانون کو گھر کی لونڈی بنا کر استعمال کر رہے ہیں، یہ لوگ Election Act unilaterally میں تبدیلی نہیں کر سکتے۔ اس کا مقصد صرف اور صرف پاکستان تحریک انصاف کو reserved seats سے محروم کرنا ہے۔ 8فروری کو جو ڈاکا ڈالا گیا تھا، اس کا یہ ثبوت ہے، یہ جس amendmentکی garbمیں چھپانا چاہتے ہیں۔ ہم اس کی شدید مخالفت کرتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس bill کو بالکل pass نہیں ہونا چاہیے۔ یہ میرا last argument ہے کہ بنیادی طور پر 2024 کے electionsمیں کیا ہوا ہے کہ جس پارٹی کو پاکستانی عوام نے mandate دیا ہے، اس کو وہ majorityنہیں دی جارہی جو اس کو پاکستان کے عوام نے دی ہے۔

جناب! پہلے بھی یہ ایک واقعہ ہوا تھا اور یہ واقعہ 1971 میں ہوا تھا۔ بدقسمتی سے اس وقت پاکستان پیپلزپارٹی تھی جس کے پاس آج یہ opportunity ہے کہ to redeem itself from that position, that they took by refusing to give Government to the majority party and as a result the country spate into. آپ کے پاس آج وقت ہے کہ to redeem yourself.

آج آپ اسی جگہ پر کھڑے ہیں، جہاں پر آپ 1971 میں کھڑے ہوئے تھے۔ آپ دوبارہ وہی mistake کر رہے ہیں، آپ دوبارہ اس سازش کا حصہ بن رہے ہیں، آپ نے جو 1971 میں کی تھی۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں، میں وزیر صاحب کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں۔ جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: قائد حزب اختلاف فرط جذبات میں کچھ زیادہ کہہ گئے لیکن میں دو، تین چیزوں پر وضاحت ضرور پیش کرنا چاہوں گا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: I have to hear the both sides point of view.

آپ کو بھی وقت ملے گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اب آپ بات سن لیں۔ جناب! اگر یہ چاہتے ہیں کہ proceedings bulldoze ہوں تو پھر ایسے ہی ہوگا۔ ہم نے آپ کو بڑے ادب سے سنا۔

جناب چیئرمین: آپ بھی ادب سے سنیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ماشاء اللہ، ہمارے لیے آپ سب قابل احترام ہیں لیکن آپ کم از کم ہماری بات سننے کا حوصلہ رکھیں۔ ابھی قائد حزب اختلاف صاحب نے کہا کہ PTI کو دو تہائی اکثریت مل گئی تھی اور پھر elections چرائے گئے اور PTI کو اس اکثریت سے محروم کر دیا گیا۔ یہ سادگی اور معصومیت میں یہ بھی بتا گئے کہ ان کی جو claimed seats ہیں، وہ آزاد seats ہیں جنہوں نے سنی اتحاد کونسل کو حلف نامہ دے کر join کیا کہ ہم بلاجبر و اکراہ سنی اتحاد کونسل کو join کر رہے ہیں۔ ان کی تعداد 80 تھی، اگر آپ اس میں 31 petitions National Assembly کی شامل کر لیں تو ان کی تعداد 111 بن جائے گی۔ 111 کے ساتھ یا 117 کے ساتھ کونسی دو تہائی اکثریت بنتی ہے؟ Figures کو درست کریں اور record کو درست رکھیں۔

جناب! یہ فرط جذبات میں یہ بھی کہہ گئے کہ 2018 کے elections ان سے چرائے گئے تھے۔ اللہ کرے، آج اس ایوان کی چھت قائم رہے، میرے خیال میں اس سے بڑی دروغ گوئی

نہیں ہو سکتی۔ ہم ہی ڈسکہ میں دھند لے کر آئے تھے۔ چیئرمین PTI عمران خان نے حلقے کھلوانے کے لیے ایک mission کے طور پر کام کیا اور انہوں نے 2018 کے elections سے پہلے یہ بات کہی تھی کہ جو کوئی ہمارے جیتتے ہوئے حلقے پر انگلی اٹھائے گا، ہم اس حلقے کو کھلوا دیں گے۔ Sir, I was the counsel for خواجہ سعد رفیق، اگر میں ایک بات بھی غلط کروں گا تو I would resign from my seat. I filed a petition for seeking recounting of votes in the relevant constituency, جو لاہور Defence کی constituency تھی، مجھے لاہور ہائی کورٹ کا court room بھی یاد ہے۔ ڈاکٹر بابر اعوان صاحب پیش ہوئے اور جج صاحب نے کہا کہ آپ کا جو victory کا margin ہے، وہ 5% سے کم ہے اور جنہوں نے petition میں grounds دیے ہیں، وہ recount کے لیے بالکل valid grounds ہیں۔ آپ اپنے سائل کو represent کرتے ہیں، میں آپ کو وقت دیتا ہوں، آپ ان سے پوچھیں کہ ان کو حلقہ کھولنے پر اعتراض ہے۔ آپ ذرا خوبصورتی ملاحظہ فرمائیں کہ انہوں نے آدھے گھنٹے بعد آ کر کہا کہ بالکل حلقہ نہ کھولا جائے۔ Case merit پر سنا گیا، recounting کا order کیا گیا، ادھر لاہور میں سیشن کورٹ میں recounting شروع ہوئی۔ صبح ساڑھے آٹھ بجے Supreme Court کھلی، سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب اس بات کے گواہ ہوں گے کہ اس طرح کے cases صبح ساڑھے نو بجے کورٹ میں سنے جاتے ہیں۔ اس appeal کو Chamber میں entertain کیا گیا اور ساڑھے نو بجے stay کر دیا گیا، وہ case دوبارہ لگا ہی نہیں ہے کہ جب تک اسمبلیاں ختم نہیں ہو گئیں۔ ہمیں کونسے سبق پڑھا رہے ہیں۔ خدا کے لیے record کی باتیں کیا کریں۔ اتنی بڑی بات کی "جنگ" اخبار میں Headline لگی تھی، میرے خیال سے میرے دفتر میں وہ اخبار کہیں پڑی ہو گی۔ ایک Headline لگی تھی کہ چیئرمین تحریک انصاف نے لاہور ہائی کورٹ میں ایک اور U-turn لے لیا ہے اور انہوں نے کہا کہ میرا حلقہ نہ کھولا جائے۔ جناب! یہ سبق وہاں پر پڑھائیں، جہاں پر اپنا دامن صاف ہو۔

جناب! آپ کہتے ہیں کہ legislation bulldoze کر رہے ہیں اور supplementary bill کیوں آیا ہے؟ جناب چیئرمین صاحب آپ اس بات کے victim

ہیں، میں اس لیے یہ واقعہ سنانا چاہتا ہوں۔ دسمبر 2021 میں State Bank کے Law میں تبدیلی کے لیے ایک Supplementary bill یہاں پر پیش کیا گیا، اس وقت سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم صاحب قائد ایوان تھے۔ ان seats پر میرے بھائی اور بہنیں بیٹھے ہوئے تھے، ہم وہاں پر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے مجھے فون کیا کہ میں نے سنا ہے کہ supplementary bill آ رہا ہے اور وہ پاکستان کی economy کے حوالے سے بہت important bill ہے۔ میں دھند میں پھنسا ہوا ہوں، ان سے کہیں کہ یہ آدھے گھنٹے یا پونے گھنٹے کے لیے میرا انتظار کر لیں۔ آپ قائد حزب اختلاف تھے، آپ کی نشست خالی تھی، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ اس بات کی گواہ ہیں۔ میں نے یہاں پر جا کر بھی request کی اور وہاں پر بھی آ کر request کی کہ قائد حزب اختلاف اس bill پر بولنے کا حق رکھتے ہیں، آپ صرف 45 minutes کا وقت عنایت فرما دیں، اس کے بعد یہ bill پیش کر دیں۔ جناب! اس bill پر اتنی تیزی تھی کہ آناً فاناً وہ bill لایا گیا، وہ پیش کیا گیا اور انہوں نے ایک vote کے margin سے bill pass کروایا تھا۔ انہوں نے ایک vote کی اکثریت سے bill pass کروایا تھا، اگر جناب یہاں پر vote دیتے تو شاید چیئرمین کا casting vote نہ پڑتا کیونکہ votes tie ہو گئے تھے۔ چیئرمین نے casting vote دیا تھا، اس کے بعد جو consequences آئے، وہ سب کے سامنے ہیں۔

جناب! ہم سب Joint Sitting میں بیٹھے ہوئے تھے، تمام کے تمام یہاں پر بیٹھے ہوئے اصحاب بھی اور یہاں پر بیٹھے ہوئے اصحاب بھی، 51 جو مختلف amendments تھیں اور وہ 51 مختلف bills کی صورت میں تھیں۔ جناب! وہ تقریباً پونے گھنٹے میں pass کروایا گیا، ڈاکٹر بابر اعوان صاحب پارلیمانی امور کے مشیر تھے، ہم پیٹتے رہ گئے اور کسی کی بات نہیں سنی گئی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم جیسے پڑھے ہیں، ہم ویسے ہی پڑھائیں گے۔ آپ کسی کے دامن پر سیاہی پھینکنے سے پہلے یہ بھی دیکھ لیا کریں کہ آپ کے اپنے دامن پر نشان کتنے ہیں۔ خدارا! تاریخ کو درست رکھیں، حقائق کو درست رکھیں۔ آپ نے اچھا کیا کہ آپ نے خود ہی 2018 اور 2024 کے حقائق دے دیے۔

جناب! ہم نے جہاں جہاں پر cases کیے، ہمارے وہ cases تین، تین اور چار، چار سال نہیں نکلے، عدم اعتماد کامیاب ہو گئی اور ہماری elections petitions وہیں کی وہیں پڑی

رہ گئیں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہائی کورٹ کے جو حاضر service judges ہیں، ان کے 80, 80 مقدموں کے dockets ہوتے ہیں، وہ سننے کے بعد وہ elections petitions کی طرف آتے ہیں۔ قائد حزب اختلاف نے اچھا کیا اور بتا دیا، اسی وجہ سے تمام جماعتوں نے consensus کے ساتھ کہا کہ ریٹائرڈ جج بھی ہوں، حاضر service جج بھی ہوں اور یہ Election Commission پر چھوڑتے ہیں کہ وہ کن کو لگانا چاہتا ہے۔ 2013 میں retired judeges لگے تھے، 2013 سے 2018 والے بھی تھے۔ اس وقت کمیشن بھی بنایا گیا جو اس وقت کے چیئرمین تحریک انصاف کے کہنے پر بنا، وہ 35 یا 43 حلقوں کی بات کرتے تھے۔ اس کمیشن سے پہلے پارلیمانی meeting میں یہ طے ہوا کہ اگر Chief Justice of Supreme Court کی سربراہی میں قائم کیا گیا کمیشن elections کو clear کرے گا اور کہے گا کہ جو allegations ہیں، وہ درست نہیں ہیں۔ وہ قوم کو یہ بتایا جائے اور جو الزام لگانے والے ہیں، وہ apology کریں گے، آج تک اس apology کا انتظار ہے۔ میں یہ ساری باتیں تاریخ سے کر رہا ہوں اور facts کے ساتھ کر رہا ہوں۔ جناب! 2013 میں retired Session judges کے tribunals تھے اور 80% petitions decide ہوئی تھیں جو unprecedented ہے، اتنی زیادہ کبھی نہیں ہوئیں۔

جناب! میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم تاریخ کے جھروکوں کو دیکھ کر حقائق بتائیں۔ آپ دیکھیں کہ یہ کیا amendments ہیں، میں نے آج صبح National Assembly میں ان پر بات کی۔ کہا جارہا ہے کہ جی یہ اس پر ڈاکا ڈال کر، یہ فلاں ہو جانا ہے یا فلاں ہو جانا ہے۔ جناب جو Constitution کی scheme ہے Articles 51 and 106 ابھی مانا وہ minority judgement ہے لیکن اس میں جو reasons ہیں آپ سب نے پڑھی ہیں، ہم نے بھی پڑھی ہیں اور میں Leader of the Opposition کے گوش گزار کروں گا کہ یہ جو ترمیمی Bill ہے یہ minority judgement آنے سے پہلے قومی اسمبلی میں Table ہوا ہے اور اس پر debate ہوئی تھی۔ آج اس پر ووٹ ہوا ہے یہ آج سے آٹھ دن پہلے move کیا گیا تھا تب یہ reasons نہیں آئیں تھیں۔

جناب ! Article 51 میں یہ وضاحت کر دی گئی کہ reserved seats متناسب نمائندگی پر ان پارٹیز کو دی جائیں گی جن جماعتوں نے عام انتخابات میں حصہ لے کر کوئی seat جیتی ہو گی۔ ہاں البتہ اس کی Clause 6 کے proviso میں کہہ دیا گیا کہ جو independents ان جماعتوں کو join کریں گے وہ اس جماعت کا حصہ تصور ہوں گے اور اس کی basis کے اوپر seats allocate کی جائیں گی۔ یہی language صوبائی اسمبلی کے لیے Article 106 کی ہے۔ Article 51 میں تین روز کا time مقرر کر دیا گیا ہے۔ Elections Act, Section 104 میں ایک طریق کار وضع کر دیا ہے یہ وہ Elections Act ہے جس پر یہاں پہلے بھی بات ہو چکی ہے 112 meetings کے بعد تمام سیاسی جماعتیں جن میں ایک رکن والی شیخ رشید کی اور اعجاز الحق کی جماعت بھی تھی انہوں نے بھی اس پر ووٹ دیا، zero dissent کے ساتھ Section 104 اور Rule 92 بنایا گیا۔ Rule 92 کا 6 یہ کہتا ہے جب آپ حلف نامے کے اوپر آزاد امیدوار کے طور پر کوئی سیاسی جماعت join کریں گے تو وہ irrevocable ہو گی وہ subject to recall نہیں ہو گی، وہ واپس نہیں ہو گی کیونکہ Article 63A میں Constitution clause 3 میں لکھ دیا گیا کہ defection clause ان لوگوں پر بھی لگے گی جو آزاد جیتنے کے باوجود political party join کریں گے تو وہ نہ پارٹی تبدیل کر سکیں گے اور نہ وہ پارلیمانی پارٹی کی ہدایات کے against vote دیں گے، کس کے لیے Money Bill, Constitution amendment, vote of confidence, vote of no confidence کے لیے، تو ہمارے framers نے یہ ساری provisions سوچ کر بنائیں، کس کو روکنے کے لیے؟ اس کساد بازاری کو کہ آج ادھر ہے کل ادھر ہے انہوں نے کہا آپ independent candidates join کر سکتے ہیں لیکن آپ تین روز کے اندر کریں گے اور یہ final ہو گا اس کے بعد آپ کی joining recall نہیں ہو گی، یہ نہیں کہ چار ماہ بعد آپ کہیں کہ میں نے اب دوبارہ پچھلی پارٹی میں جانا ہے یا میں نے آزاد Benches پر بیٹھنا ہے۔

اس ساری scheme کو سامنے رکھتے ہوئے کچھ چیزیں Constitution میں ہیں، کچھ law اور کچھ rules میں ہیں۔ یہ جو amendments دی گئی ہیں یہ clarity کے لیے

ہیں کیونکہ میں بارہا کہتا ہوں کہ قانون سازی صرف اس ایوان کا اختیار ہے، یہ منتخب ایوانوں کا اختیار ہے، ہم یہ اختیار 17 لوگوں کو نہیں دیں گے اور یہ بات انہوں نے اپنے فیصلوں میں لکھی ہے۔ میرے colleagues بیٹھے ہوئے ہیں، راولپنڈی بار ایسوسی ایشن کے case میں interpret کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ اس judgement کا حصہ ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ 22 کروڑ لوگوں کی نمائندہ پارلیمنٹ جو قانون سازی کرتی ہے اسے 15 یا 16 ججز بیٹھ کر unelected لوگ بیٹھ کر ختم نہیں کر سکتے۔ ہم لوگ بطور members of the Parliament اپنا قانونی اختیار استعمال کرتے ہیں، تشریح کی روح تشریح ہی رہنی چاہیے، آئین کو interpret کرنے میں اور آئین کو rewrite کرنے میں بہت فرق ہے۔ ہم نے یہاں پر Article 63-A کو rewrite ہوتے ہوئے دیکھا کہ ووٹ ڈالا تو جائے گا لیکن گنا نہیں جائے گا، واہ جی بڑی اچھی منطق ہے۔ ابھی تو ان کے اپنے ایوان کے اندر سے آوازیں اٹھی ہیں کہ Articles 51 and 106 کو ختم کیے بغیر، معطل کیے بغیر، تبدیل کیے بغیر یہ جو سنی اتحاد کونسل relief claim کر رہی ہے یہ نہیں دیا جا سکتا۔ پوری Court نے unanimously یہ بھی تو decide کیا ہے کہ یہ seats سنی اتحاد کونسل کو نہیں جا سکتیں اور خود ان کا اپنا مقدمہ تھا کہ seats سنی اتحاد کونسل کو ہی دی جائیں۔

جناب چیئرمین! حقائق کو درست رکھیں، یہ provisions آج floor of the House پر discuss ہوئی ہیں، Constitutional scheme کے عین مطابق ہے، قانون سازی کرنا، قانون میں ترمیم کرنا، کوئی addition, deletion کرنا یہ پارلیمنٹ کا اختیار ہے، یہ کسی اور ادارے کا اختیار نہیں ہے اور میں آپ سب سے یہ استدعا کروں گا کہ اپنا یہ اختیار آپ خود مختاری اور آزادی کے ساتھ exercise کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ میں آپ کو وقت دیتا ہوں۔ Let me say something. آپ دو منٹ بیٹھیں۔ آپ تشریف رکھیں، میں آپ کو time دیتا ہوں۔ میں آپ سے صرف یہ گزارش کروں گا کہ خواہ جتنے بھی galleries میں بیٹھے ہیں انہوں نے آپ کو speeches enjoy کی ہیں۔ وہ دیکھ رہے ہیں کہ Leader of the Opposition نے اور Law Minister نے اپنی تقاریر میں جو باتیں بیان کی ہیں، let them judge,

لیکن اگر ایک point of view سامنے آئے گا اور دوسرا point of view نظر نہیں آئے گا تو وہ unfair ہو گا۔ دیکھیں میں اسی پر آ رہا ہوں، I am the custodian of the House and not the custodian of the Government, that is why I have to hear both point of views. اس لیے اگر سینیٹر سید علی ظفر صاحب کو میں time دوں گا تو سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب کو بھی دوں گا کیونکہ ان کا point of view بھی آنا چاہیے۔ آپ کو time دوں گا، آپ Parliamentary Leader ہیں۔ I want to take the sense of the House. Motion move ہو جائے تو پھر آپ سارے بات کریں۔ یہ motion ہو جائے پھر debate کریں۔ آپ تشریف رکھیں۔ دیکھیں آپ پہلے lay تو ہونے دیں۔ سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، آپ کرنا چاہتے ہیں، حامد خان صاحب کرنا چاہتے ہیں اور باقی کرنا چاہتے ہیں مگر پہلے lay تو ہونے دیں۔

Senator Muhammad Tallal Badar may move Order No.6.

Consideration and passage of The Elections (Second Amendment) Bill, 2024

Senator Muhammad Tallal Badar: Thank you Mr. Chairman. I wish to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? It has been moved that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: You want to say something?

سینیٹر محمد طلال بدر: جی جناب صرف دو تین چیزیں۔ جناب گزارش یہ ہے۔۔۔

Mr. Chairman: We may now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of

the Bill. Clauses 2 to 4, there is no amendment in Clauses 2 and 4, so I will put these clauses as one question before the House. The question is that Clauses 2 to 4 do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clauses 2 to 4 stand part of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Please move Order No. 7.

Senator Muhammad Tallal Badar: I wish to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017, [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], be passed.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Bill stands passed. Parliamentary leader of PTI.

جناب چیئرمین: ماحول خراب نہ کریں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: You are on a point of order? Yes, point of order.

Senator Farooq Hamid Naek

Senator Farooq Hamid Naek: Please read Rules 123 and 124, rather the speeches can take place or not after

the passage of the Bill. The bill has been passed. No speeches now. May I read it?

Mr. Chairman: Yes, please.

Senator Farooq Hamid Naek: If the motion that the Bill be taken into consideration is carried. The Bill shall be taken into consideration clause by clause.

(Interruption)

سینیٹر فاروق حامد نائیک: یہ Rule میں نے نہیں بنایا۔ سن تو لیں اس کو پہلے میں قانون بتا رہا ہوں۔ جناب چیئرمین! Ruling آپ نے دینی ہے.

(مداخلت)

Senator Farooq Hamid Naek: The motion that the Bill be taken into consideration is carried. The bill shall be taken into consideration clause by clause and the provision of these Rules regarding consideration of the amendments of the bill and the subsequent procedure in regard to the passing of the Bill shall apply. Rule (124): if the bill is passed without any amendment, a message shall be sent to the Assembly to this effect.

جناب چیئرمین! آپ نے اب صرف message بھیجنا ہے اور کچھ نہیں کرنا ہے۔ Because the bill originated in the National Assembly. انہوں نے کوئی amendments نہیں دی ہیں، opposition نے سیاسی speeches کی ہیں کوئی amendments نہیں دیں۔

جناب چیئرمین: میں Ruling بعد میں دوں گا۔

Senator Syed Shibli Faraz

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! With all due respect نائیک صاحب ہمارے دوست بھی ہیں لیکن جہاں پر Parliament کا تعلق آتا ہے تو ان کی بہت selective قسم کی interventions ہوتی ہیں۔ جب کل ایک resolution پیش ہوئی تھی۔ اس کے بعد سینیٹر شیری رحمان نے تقریر کر دی۔ اس کے بعد اس نے تقریر کر دی جس نے

resolution move کی تھی اور جب دوسروں کی باری آئی تو کہتے ہیں کہ resolution pass ہو چکی ہے اس لیے تقریر نہیں کر سکتے۔ نائیک صاحب آپ کیا بات کر رہے ہیں۔ You should not be so selective, you are very well respected lawyer and you cannot compromise your image. آپ اس وقت کر لیتے ہیں اب ان تقریروں کا کیا فائدہ ہے؟

جناب چیئرمین: علی ظفر صاحب۔

(مداخلت)

Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! آج یہ جو bill pass کیا گیا ہے میں نے اس کے پیچھے جو conspiracy ہے for the record اس کو آج expose کرنا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: Law Minister نے آج کہا ہے اور record پر کہا ہے کہ یہ bill اس لیے پیش کیا جا رہا ہے مفتی صاحب kindly تھوڑا سا سن لیں۔ یہ بہت ضروری باتیں ہیں ہم تو سن لیں گے ان کو سننے کی ہمت رکھنی چاہیے۔ جناب چیئرمین! یہ کہا گیا ہے کہ یہ bill اس لیے pass کیا جا رہا ہے کہ Parliamentary sovereignty بہت اہم ہے اور جو reserved seats جس کو ہم judgement pass کی ہے Supreme Court نے judgement کہتے ہیں وہ Parliament کی جو jurisdiction ہے اس کے اوپر حملہ کیا گیا ہے۔ اس bill کو Senate میں لانے کی یہ وجہ ہے۔

جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں یہ کہوں گا کہ Parliament کی sovereignty ہمارے آئین میں بالکل درج ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ Parliament Supreme ہے اور اگر کوئی بھی institution Parliament کی domain میں آنے کی کوشش کرے گا تو یقینی طور پر میں اپنی وکالت کی hat اتار کر اپنی Parliamentarian کی hat پہنوں گا اور میں کہوں گا کہ Parliament کی jurisdiction میں مداخلت نہیں ہو سکتی۔ ماضی میں یہ ہوا ہے اور اگر آپ مثال لینا چاہتے ہیں تو

سب سے بڑی مثال جہاں Parliamentنےjudiciary کی domainمیں مداخلت کی ہے۔ سب سے بڑا case and exampleہے symbol caseجہاں Supreme Courtنے واقعی Article 17کی خلاف ورزی کرتے ہوئےsymbol caseکی judgement PTIکے خلاف دی تھی اور کوشش کی تھی کہ PTI electionsسے دور رہے۔

ایک ضروری بات یہ ہے کہ میرے fellow Senators quorumکم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن میں اتنا بتادوں کہ یہ ان کو زیب نہیں دیتا۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! جوSovereignty of Parliamentہے وہ ہم سب کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ وہ ہے کیا۔ Law Ministerنے بات تو کی ہے کہ ہم Sovereignty of Parliamentکی حفاظت کر رہے ہیں۔ Parliamentکی sovereigntyہے کیا؟ میں اپنے دوستوں کو تھوڑا سا بتانا چاہوں گاParliamentکے دو قسم کے rulesہیں، ایک ہے آئین میں ترمیم کرنا اور ایک ہے قانون سازی، عام قانون سازی کرنا۔ جہاں تک قانون کی آئین سازی کی بات ہے، آئین میں ترمیم کرنا، پارلیمنٹ بالکل supreme ہے، پارلیمنٹ آئین میں ترمیم کر سکتی ہے، اس کے لیے 2/3rd majority چاہیے اور وہ ترمیم ہونے کے بعد کوئی عدالت اس کو تبدیل نہیں کر سکتی، کوئی عدالت اسے challengeنہیں کر سکتی کہ آپ نے یہ amendment ٹھیک کی ہے یا نہیں کی ہے۔ سپریم کورٹ نے ایک مرتبہ ضرور کی تھی کہ جب amendments کوchallengeکیا گیا لیکن اس وقت پارلیمنٹ کی کمزوری تھی کہ پارلیمنٹ اپنے اختیارات کی حفاظت نہیں کر سکی اور وہ کھڑی نہیں ہو سکی۔

جناب چیئرمین! دوسرے aspect میں Parliament sovereign نہیں ہے، جہاں عام قانون بنانے کی گنجائش ہے، پارلیمنٹ پر ایک قدغن ہے اور جناب چیئرمین! آپ وہ قدغن بڑی اچھی طرح سمجھتے ہیں، وہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایسا قانون ہو جو آئین کے خلاف ہو گا تو پارلیمنٹ وہ نہیں بنا سکتی، پارلیمنٹ کو وہ قانون بنانا ہے جو آئین کے مطابق ہو۔ اگر آئین کے خلاف کوئی

قانون بنایا جائے گا تو وہ غیر آئینی ہو گا اور پھر آئین ہی عدالتوں کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اُس طرح کے قوانین کو ختم کر دیں۔ یہ آئین کا ہی تقاضا ہے، separation of powers کا concept بڑا واضح ہے کہ پارلیمنٹ قانون بناتی ہے اور اگر قانون آئین کے خلاف ہو تو پھر عدالتیں اس قانون کو ختم کر سکتی ہیں۔ یہ parliamentary sovereignty کا اصول ہے، اسے سمجھتے ہوئے یہ کہنا کہ reserved seats کی جو judgment آئی تھی وہ آئین کے خلاف تھی، ان کا کہنا ہے کہ وہ آئین کے خلاف ہے، سوال یہ ہے کہ ان کا کہنا درست ہے یا نہیں؟ آپ دیکھیں کہ جب ایک جج، ایک عدالت فیصلہ کرتی ہے اور وہ پارلیمنٹ کو پسند نہیں آتا تو پارلیمنٹ کے پاس اختیار ہے کہ وہ اس میں قانون سازی کرے۔

جناب والا! سمجھنے والی بات یہ ہے کہ اگر عدالت ایک ایسا فیصلہ کرتی ہے جو کہ آئین کی تشریح ہو، یعنی آئین کی کوئی شق جس کی عدالت نے تشریح کی ہو تو پھر وہ آئین کا حصہ بن جاتی ہے اور اگر وہ چیز پارلیمنٹ کو پسند نہ آئے تو پارلیمنٹ آئینی ترمیم لا سکتی ہے، یہ اس کی sovereignty ہے۔ اسی طرح اگر کوئی عام قانون ہو گا اور عام قانون کی تشریح ہے جو پارلیمنٹ کو پسند نہیں آئی تو پارلیمنٹ عام قانون کو تبدیل کر سکتی ہے۔ اب دیکھنا یہ تھا کہ جو Bill آ رہا ہے، کیا یہ آئینی ترمیم یا آئینی تشریح کو درست کرنے کے لیے ہے یا عام قانون کو درست کرنے کے لیے ہے۔ جناب والا! reserved seats کی جو judgment تھی، وہ judgment یقینی طور پر آئینی تشریح تھی۔ وزیر قانون صاحب نے خود کہا کہ یہ Article 51, Article 106 کی تشریح تھی، جب reserved seats کی judgment نے آئین کی تشریح کر دی تو Article 51 کی تشریح آئین کا حصہ بن گئی۔ اب اگر اس میں کسی قسم کی ترمیم لانی ہے، یہ پارلیمنٹ کا حق ہے لیکن اس کا طریقہ کار بھی واضح ہے اور وہ طریقہ کار صرف یہ ہے کہ آپ آئین میں تبدیلی کریں، آپ Article 51, Article 106 میں تبدیلی لائیں۔ اس کے لیے چونکہ حکومت اور اتحادی پارٹیوں کے پاس 2/3rd majority نہیں ہے اس لیے وہ اسے Bill کی صورت میں لا رہے ہیں۔ میں آج دوبارہ record پر کہوں گا اور میرے خیال میں یہ چوتھا قانون ہے، آپ record اٹھا کر دیکھ لیں کہ میں نے record پر کہا ہے کہ اسے ultimately Supreme Court ختم کر دے گی، خدارا! اسے pass نہ کریں، اس طرح پارلیمنٹ کی ایک طرح سے reputation خراب ہوتی ہے۔ میں

آپ کو بتا دوں کہ یہ Bill کالعدم قرار دے دیا جائے گا کیونکہ یہ آئین سے تصادم ہے۔ یہ ایک عام قانون ہے اور یہ بالکل درست نہیں ہے کہ ہم اسے pass کریں لیکن بہر حال اسے pass کر دیا ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر عرفان الحق صدیقی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب چیئرمین! اب میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ اگر میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ Bill آئین کے خلاف ہے اور اسے بہت جلد ......Supreme Court

سینیٹر ناصر محمود: جناب چیئرمین! اس وقت quorum پورا نہیں ہے۔

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: Count be made.

(Count was made)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: علی ظفر صاحب! میں تو چاہتا ہوں کہ لیکن یہ legal requirement ہے، quorum point out ہو گیا ہے۔

The count has been made and there are just 19 members are present, so House is not in quorum. The House stands adjourned to meet again on Friday, the 9th August, 2024 at 10:30 am.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 9th August, 2024 at 10:30 am.